UNCRC(اقوام متحدہ کا بچوں کے حقوق کا کنونشن) کے آرٹیکلز

بچوں اور نو عمر افراد کے حقوق کا تحفظ کرنا

آپ کے حقوق اقوام متحدہ کے بچوں کے حقوق کے کنونشن یاUNCRC میں دیکھے جاسکتے ہیں۔ کمشنر کا ایک کام یہ یقین دہی کرنا بھی ہے کہ سکاٹ لینڈ میں لوگوں کو اس بین الاقوامی قانون کے متعلق علم ہو۔

UNCRCکے آرٹیکلز

آرٹیکل 1

18 سال سے کم عمر کے ہر شخص کو یہ حقوق حاصل ہیں۔

آرٹیکل 2

آپ کو امتیاز کے خلاف تحفظ کا حق حاصل ہے۔

آرٹیکل 3

بالغوں کو چاہیے کہ وہ کریں جو آپ کے لیے بہترین ہو۔

آرٹیکل 4

آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ گورنمنٹ آپ کے حقوق کو ایک حقیقت بنائے۔

آرٹیکل 5

آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ کے والدین اور خاندان والے آپ کو رہنمائی فراہم کریں۔

آرٹیکل 6

آپ کو زندگی کا حق حاصل ہے۔

آرٹیکل 7

آپ کو ایک نام اور ایک قومیت رکھنے کا حق حاصل ہے۔

آرٹیکل 8

آپ کو ایک شناخت رکھنے کا حق حاصل ہے۔

آرٹیکل 9

آپ کو اپنے والدین کے ساتھ رہنے کا حق حاصل ہے ماسوائے اُس صورت کے کہ ایسا کرنا آپ کے لیے نقصان دہ ہو۔

آرٹیکل 10

اگر آپ اور آپ کے والدین مختلف ملکوں میں رہ رہے ہیں تو آپ کو واپس اکٹھے ہونے اور ایک ہی جگہ پر رہنے کا حق حاصل ہے۔

آرٹیکل 11

آپ کو اغوا نہیں کیا جانا چاہیے۔

آرٹیکل 12

آپ کو اپنی رائے رکھنے کا حق حاصل ہے اور یہ کہ اسے سنا جائے اور اسے سنجیدگی سے لیا جائے۔

آرٹیکل 13

آپ کو چیزوں کے بارے میں جاننے کا حق حاصل ہے اور آپ جو سوچتے ہیں اُسے آرٹ کے ذریعے، بول کر اور لکھ کر کہنے کا حق حاصل ہے ماسوائے اُس صورت کے کہ اس سے دوسروں کے حقوق کی خلاف ورزی ہوتی ہو۔

آرٹیکل 14

آپ کو اپنی پسند کے مطابق سوچنے کا اور اپنے والدین کی رہنمائی کے ساتھ جو مذہب اختیار کرنا چاہتے ہیں اُسے اختیار کرنے کا حق حاصل ہے۔

آرٹیکل 15

آپ کو دوستوں کے ساتھ رہنے اور کلبوں میں شامل ہونے یا کلب قائم کرنے کا حق حاصل ہے ماسوائے اُس صورت کے کہ اس سے دوسروں کے حقوق کی خلاف ورزی ہوتی ہو۔

آرٹیکل 16

آپ کو نجی (پرائیویٹ) زندگی کا حق حاصل ہے۔ مثلاً آپ ایک ڈائری رکھ سکتے ہیں جسے دوسرے لوگوں کو دیکھنے کی اجازت نہیں ہے۔

آرٹیکل 17

آپ کو ذرائع ابلاغ (میڈیا) سے معلومات اکٹھی کرنے کا حق حاصل ہے۔

آرٹیکل 18

آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ اگر ممکن ہو تو آپ کے والدین آپ کی پرورش کریں۔

آرٹیکل 19

آپ کو یہ حق حاصل ہے کے آپ کو زخمی ہونے یا برے سلوک سے تحفظ فراہم کیا جائے۔

آرٹیکل 20

اگر آپ اپنے والدین کے ساتھ نہیں رہ سکتے تو آپ کو خصوصی تحفظ اور مدد کا حق حاصل ہے۔

آرٹیکل 21

اگر آپ کو گود لیا جاتا ہے یا آپ فوسٹر کیئر (رضاعی دیکھ بھال) میں رہ رہے ہیں تو آپ کو بہترین دیکھ بھال کا حق حاصل ہے۔

آرٹیکل 22

اگر آپ پناہ گزین (ریفیوجی) ہیں تو آپ کو خصوصی تحفظ اور مدد کا حق حاصل ہے۔

آرٹیکل 23

اگر آپ ذہنی یا جسمانی طور پر معذور ہیں تو آپ کو خصوصی دیکھ بھال اور تعلیم کا حق حاصل ہے۔

آرٹیکل 24

آپ کو بہترین ممکنہ صحت اور طبی دیکھ بھال اور معلومات کا حق حاصل ہے۔

آرٹیکل 25

اگر آپ گھر سے باہر کہیں رہ رہے ہیں تو آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ کے رہائش کے انتظامات کی باقاعدگی سے جانچ کی جائے۔

آرٹیکل 26

اگر آپ غریب یا ضرورت مند ہیں تو آپ کو حکومت سے مدد حاصل کرنے کا حق حاصل ہے۔

آرٹیکل 27

آپ کو معقول حد تک اچھے معیار زندگی کا حق حاصل ہے۔

آرٹیکل 28

آپ کو تعلیم کا حق حاصل ہے۔

آرٹیکل 29

آپ کو ایسی تعلیم حاصل کرنے کا حق حاصل ہے جو آپ کی شخصیت کی نشوونما کرتی ہو اور دوسروں کے حقوق اور ماحولیات (اینوائرنمنٹ) کے لیے احترام کو فروغ دیتی ہو۔

آرٹیکل 30

اگر آپ کا تعلق کسی اقلیتی گروپ سے ہے تو آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ اپنی ثقافت سے لطف اندوز ہوں، اپنے مذہب پر عمل کریں اور اپنی زبان استعمال کریں۔

آرٹیکل 31

آپ کو کھیلوں، موسیقی اور ڈرامہ جیسی سرگرمیوں میں حصہ لے کر کھیلنے اور سکون حاصل کرنے کا حق حاصل ہے۔

آرٹیکل 32

آپ کو ایسے کام سے تحفظ کا حق حاصل ہے جو آپ کی صحت یا تعلیم کے لیے نقصان دہ ہو۔

آرٹیکل 33

آپ کو خطرناک منشیات سے تحفظ کا حق حاصل ہے۔

آرٹیکل 34

آپ کو جنسی زیادتی سے تحفظ کا حق حاصل ہے۔

آرٹیکل 35

کسی کو بھی یہ اجازت نہیں ہے کہ وہ آپ کو اغوا کرے یا بیچے۔

آرٹیکل 36

آپ کو کسی بھی دیگر قسم کے استحصال سے تحفظ کا حق حاصل ہے۔

آرٹیکل 37

آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ کو ظالمانہ یا نقصان دہ طریقے سے سزا نہ دی جائے۔

آرٹیکل 38

آپ کو جنگ کے دوران تحفظ کا حق حاصل ہے۔ اگر آپ کی عمر 15 سال سے کم ہے تو آپ کو کبھی بھی فوج میں یا کسی لڑائی میں نہیں ہونا چاہیے۔

آرٹیکل 39

اگر آپ کو چوٹ لگی ہے، نظر انداز کیا گیا ہے یا آپ کے ساتھ بُرا سلوک کیا گیا ہے تو آپ کو مدد حاصل کرنے کا حق حاصل ہے۔

آرٹیکل 40

اگر آپ پر قانون کی خلاف ورزی کرنے کا الزام لگایا جاتا ہے تو آپ کو اپنا دفاع کرنے کے سلسلے میں مدد حاصل کرنے کا حق حاصل ہے۔

آرٹیکل 41

آپ کو آپ کے اپنے ملک میں یا بین الاقوامی طور پر کسی بھی قسم کے ایسے قانونی حقوق کا حق حاصل ہے جو آپ کو ان سے بہتر حقوق دیتے ہوں۔

آرٹیکل 42

تمام بالغوں اور بچوں کو اس کنونشن کے بارے میں معلوم ہونا چاہیے۔

مزید آرٹیکلز

آرٹیکلز 43 سے 54 اس بارے میں ہیں کہ حکومتیں اور بین الاقوامی تنظیمیں یہ یقین دہانی کرنے کے لیے کہ بچوں کے حقوق کا تحفظ کیا جائے کیسے کام کریں گی۔

رابطے

UNCRC کا یہ ورشن Save the Children نے تیار کیا ہے۔

UNCRC کا وہ ورشن ملاحظہ کریں جو ہم نے سکاٹش گورنمنٹ کے ساتھ تیار کیا ہے (انگریزی میں)۔

1044 words.